الیکشن کمیشن آف پاکستان
(شعبہ تعلقات عامہ)
پریس ریلیز

مورخہ 14جون ، 2018ء

آج الیکشن کمیشن آف پاکستان میں چیف الیکشن کمشنر کی زیر صدارت عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں اور سیکورٹی امور کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری منسٹری آف ڈیفنس ، سیکرٹری وزرات داخلہ ، چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز ، انسپکٹر جنرل پولیس ڈاریکٹر جنرل (ملٹری آپریشنز) ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری فاٹا ، چیف کمشنر اسلام آباد اور آئی جی پولیس اسلام آباد نے شرکت کی ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن کی جانب سے اجلاس کے شرکاء کو عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے بارے میں تفصیل سے بریف کیا گیا ۔ آج کے اجلاس میں عام انتخابات کے دوران سیکورٹی انتظامات کاتفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء کی طرف سے عام انتخابات 2018ء کے لئے کئے گئے سیکورٹی اقدامات کے بارے میں الیکشن کمیشن کو آگاہ کیا گیا ۔ اجلاس میں چند اہم فیصلے کیے گئے جوکہ درج ذیل ہیں ۔

(1) تمام انتہائی حاس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی (CCTV) کیمرے نصب کئے جائیں گے اور یہ ذمہ داری متعلقہ صوبائی حکومتوں کی ہوگی ۔

(2) تمام پریٹنگ پریسز پرپاک فوج کی جانب سے فول پروف سیکورٹی 27جون 2018ء سے 25 جولائی 2018ء تک مہیا کی جائے گی ۔

(3) تمام پولنگ اسٹیشنز کے اندر اور باہرسیکورٹی کے لئے پاک فوج کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی ۔ او ر اس مقصد کے لئے الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 233 کے تحت سیکورٹی اہلکاروں کے لئے ضابطہ اخلاق مرتب کیا جائے گا اور تمام سیکورٹی اہلکار اس ضابطہ اخلاق کے پابند ہوں گے ۔

(4) فاٹا کے علاقے میں سی سی ٹی وی (CCTV) کیمرے اور پولنگ اسٹیشنز پر سہولیات کی عدم دستیابی کے حوالے سے فنڈز صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی جانب سے مہیا کیےجائیں گے ۔

(5) تمام ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز ، ریٹرننگ آفیسرز ، اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسرز ، صوبائی الیکشن کمشنر ز، ریجنل الیکشن کمشنر ز ، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر زکے دفاتر اور ٹریننگ سنٹرز کو بھی فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائےگی۔ جوکہ متعلقہ صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہوگی ۔

(6) عام انتخابات 2018ء میں حصہ لینے والے تمام امیدواروں کوبھی فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائے گی ۔

(7) نیکٹا کے ساتھ coordination کی جائے گی اور اس سلسلے میں نیکٹا اور الیکشن کمیشن کا اجلاس جلد ہی بلایا جائے گا۔

(8) الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد کروایا جائے گا۔

الیکشن کمیشن کی جانب سے جنرل الیکشن 2018ء کے لئے اب تک کے کیے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔

****